# Urdu - FSC Part 1 Urdu Chapter 14 Short Questions Online Test

Q1. مصنف کے ڈیڑھ سالہ تجربہ کا نچوڑکیا ہے.

**Ans 1:** مصنف کے ڈیڑھ سالہ تجربہ کا نچوڑ یہ ہے کہ مرغیاں دڑبے کے سوا ہر جگہ نظر آتی ہیں آور جہاں نظر نہ آئیں وہاں ہونے کا ثبوت دیتی ہیں.

---

Q2. مصنف کے نزدیک انڈے پکانے کے کتنے طریقے ہیں.

**Ans 1:** مصنف کے نزدیک انڈے پکانے کے تین طریقے ہیں ، عاملیٹ، نیم پرشت اور تلا ہوا

---

Q3. مرغیوں کی پسندیدہ خوراک کیا ہے.

**Ans 1:** دانہ دنکا، کیڑےمکوڑے، اور کنکر پتھر مرغیوں کے پسندیدہ خوراک ہے

---

Q4. نیند کے حوالے سے مصنف کے پسندیدہ اوقات کون سے ہیں.

**Ans 1:** نیند کے حوالے سے مصنف کے محبوب ترین اوقات اتوار کی صبح اور سہ پہر ہیں.

---

Q5. کفایت شعار لوگ الارم والی ٹائم پیس خریدنے کے بجائے مرغ کیوں پال لیتے ہیں.

**Ans 1:** اس لیے کے ہمسایوں کی سحر خیزی کی عادت رہے.

---

Q6. مصنف نے کتنے عرصہ مرغیوں کی عادات اور خصائل کا مطالعہ کیا.

**Ans 1:** مصنف نے اٹھارہ ماہ مرغیوں کی عادات اور خصائل کا مطالعہ کیا

---

Q7. ایک اعلی نسل کی مرغی سال میں کتنے انڈے دیتی ہے.

**Ans 1:** ایک اعلی نسل کی مرغی سال میں اوسطا دو سے ڈھائی سو تک انڈے دیتی ہے

---

Q8. تعلیم یافتہ افراد اور اردو شعراء کس خوش فہمی میں مبتلا ہیں.

**Ans 1:** تعلیم یافتہ افراد اور اردو شعراء اس لیے اس خوش فہمی میں مبتلا ہیں کہ مرغ صرف صبح آزان دیتا ہے.

---

Q9. مصنف کس چیز کو دنیا کی سب سے بڑی نعمت سمجھتا ہے.

**Ans 1:** مصنف مرغی کے علاوہ انڈے کو بھی دنیا کی سب سے بڑی نعمت سمجھتا ہے

---

Q10. کس کا گھر اچھا خاصا پولڑی فارم معلوم ہوتا تھا.

**Ans 1:** مصنف کا گھر اچھا خاصا پولڑی فارم معلوم ہوتا تھا.

---